کل نمبر:10 **اُردو (ہشتم)** **وقت:10 منٹ**

پانچواں مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (چوتھا ہفتہ)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ سرکاری دفتروں میں قومی وسائل کا بے دریغ استعمال بھی:

(الف)	کرپشن ہے	(ب)	بے وقوفی ہے	(ج)	ایمان داری ہے	(د)	معصومیت ہے

2۔ شہریوں کی تعلیم و تربیت پر بھرپور توجہ دینا:

(الف)	برا طریقہ ہے	(ب)	بدعنوانی پر قابو پانے کا طریقہ ہے	(ج)	اچھا طریقہ ہے	(د)	ناقص طریقہ ہے

3۔ کرپشن کے خاتمے کا دنیا بھر میں تیزی سے مقبول ہوتا ہوا طریقہ ہے:

(الف)	ریشنائزیشن	(ب)	فارملائزیشن	(ج)	ڈی جی ٹالائزیشن	(د)	ریجنلائزیشن

4۔ برائیوں کی جڑ بھی کہا جاتا ہے:

(الف)	بیماری کو	(ب)	فراست کو	(ج)	مشکلات کو	(د)	کرپشن کو

5۔ ترجمہ: ''اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد نہ پھیلاؤ'' یہ فرمایا گیا ہے:

(الف)	سُورہ اعراف میں	(ب)	سورہ آل عمران میں	(ج)	سورہ بقرہ میں	(د)	سورہ نور میں

6۔ کوہِ طور پر جا کر اللہ تعالیٰ سے گفت گو کیا کرتے تھے:

(الف)	حضرت ابراہیم علیہ السلام	(ب)	حضرت موسیٰ علیہ السلام	(ج)	حضرت اسماعیل علیہ السلام	(د)	حضرت یوسف علیہ السلام

7۔ شہریوں کی زندگی میں زیادہ سہولیات فراہم کرنا کرپشن پر قابو پانے کا طریقہ ہے:

(الف)	پہلا	(ب)	دوسرا	(ج)	تیسرا	(د)	چوتھا

8۔ ایک لفظ یا مجموعہ الفاظ جن کے ذریعے سے کسی تاریخی، سیاسی، اخلاقی یا مذہبی واقعے کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے کہلاتا ہے:

(الف)	تشبیہ	(ب)	استعارہ	(ج)	کنایہ	(د)	تلمیح

9۔ لوگ اپنے کردار کی کمزوری یا تربیت کے خام ہونے کے سبب اپنی نفسانی خواہشات کی تکمیل کے لیے راغب ہوتے ہیں:

(الف)	بدعنوانی کی جانب	(ب)	گناہ کی جانب	(ج)	ثواب کی جانب	(د)	جزا و سزا کی جانب

10۔ کسی بھی ملک و قوم کی تباہی میں کرپشن کا کردار ہوتا ہے:

(الف)	ثانوی نوعیت کا	(ب)	بنیادی نوعیت کا	(ج)	عجیب نوعیت کا	(د)	لطیف نوعیت کا

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 13,12,11 کے جواب دیں۔

جب کسی قوم میں ذاتی مفادات ملک و قوم کے مفادات سے مقدم ہو جاتے ہیں تو پھر اس قوم کی تباہی یقینی ہو جاتی ہے۔ اس وجہ سے کرپشن کو برائیوں کی جڑ بھی کہا جا سکتا ہے۔ کرپشن یا بدعنوانی پاکستان کا ہی مسئلہ نہیں بلکہ یہ ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے۔ کیوں کہ بے شمار برائیاں اس کی کوکھ سے جنم لیتی ہیں۔ کرپشن اعلیٰ اقدار کی دشمن ہے، جو معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ کر اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہے۔

11۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	تبسم کے پھول	(ب)	قدرتی آفات	(ج)	کرپشن ایک سماجی برائی	(د)	مناظر پاکستان

12۔ کرپشن ایک مسئلہ ہے:

(الف)	قومی	(ب)	صوبائی	(ج)	بین الصوبائی	(د)	بین الاقوامی

13۔ کرپشن معاشرے کو..................کی طرح چاٹ کر اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہے۔

(الف)	دیمک	(ب)	چیونٹی	(ج)	مکھی	(د)	مکڑی

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ کل نمبر (12)

حصہ دوم

سوال نمبر1: کیا ریاست سزا و جزا کے ذریعے کرپشن پر قابو پا سکتی ہے؟

سوال نمبر2: ''ہمدردی عبادت کی روح ہے۔'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

حصہ سوم

سوال نمبر1: کیا تعلیم بدعنوانی کے خاتمے میں کوئی کردار ادا کر سکتی ہے؟

سوال نمبر2: تلمیح پر ایک جامع نوٹ قلم بند کریں۔